# 5 تا 12 سال کی عمر کے بچوں کے والدین کے لیے واٹر اسمارٹ® کے مفید نکات

## لائف سیونگ سوسائٹی – کینیڈا کے زندگی بچانے کے ماہر کی جانب سے



**ڈوبنے کے بارے میں**

- ڈوبنا 10 سال سے کم عمر کے بچوں کے لیے قابل انسداد موت کی دوسری سب سے بڑی وجہ ہے۔
- کینیڈا میں ہر سال لگ بھگ 500 لوگ ڈوب جاتے ہیں۔
- ڈوبنا تیز رفتار اور خاموش قاتل ہے۔ یہ انتہائی کم وقت یعنی 10 سیکنڈوں میں بھی ہوسکتا ہے۔ اس کے شکار افراد شاذونادر ہی مدد کے لیے پکار پاتے ہیں، ہاتھ ہلاتے یا اشارہ دے پاتے ہیں کیونکہ وہ اپنے سر کو پانی کے اوپر نہیں رکھ پاتے ہیں۔
- ڈوبنے والے بچوں میں نصف سے زیادہ اکیلے ہوتے ہیں۔

**والدین، آپ اپنے بچوں کی زندگی کے محافظ ہیں**

- اپنے بچوں کا اندراج تیراکی کے اسباق میں کروائیں۔ کم از کم انہیں لائف سیونگ سوسائٹی کے Swim to Survive کا معیار حاصل کرنے – گہرے پانی میں گھومنے، 1 منٹ تک پانی میں پیروں کو چلاتے ہوئے ٹھہرے رہنے اور 50 میٹر تک تیرنے کا اہل ہونا چاہیے۔
- ایسے علاقوں میں تیراکی کریں جو لائف گارڈز کی نگرانی میں ہوں۔ بغیر لائف گارڈ والے علاقوں میں کسی چوکنا بالغ فرد کی نگرانی یقینی بنائیں۔ عقبی صحن کے حوض میں، کسی بالغ شخص کو "نگرانی" کے لیے مقرر کریں۔
- اپنے بچوں کو تاکید کریں کہ وہ ہمیشہ کسی ساتھی کے تیراکی کریں، اکیلے کبھی نہیں۔
- یہ اصول بنائیں کہ کمزور یا تیراکی نہ جاننے والے لائف جیکٹس ضرور پہنیں۔
- تربیت حاصل کریں۔ یہ یقینی بنائیں کہ اہل خاندان زندگی بچانے سے متعلق اہلیتیں سیکھیں۔

LIFESAVING SOCIETY
*The Lifeguarding Experts*

سبھی بچوں کو تیراکی سیکھنی چاہیے۔ ہم انہیں سکھا سکتے ہیں۔
مزید معلومات کیلئے ملاحظہ کریں www.lifesavingsociety.com
یا اپنے مقامی پول سے رابطہ کریں۔

® واٹر اسمارٹ رائل لائف سیونگ سوسائٹی کینیڈا کا ایک رجسٹرڈ ٹریڈ مارک ہے۔